زبان وادب (31) ، شعبہ اردو، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، فیصل آباد جلد2، شمارہ15، 2022

eISSN: 2073-3674
pISSN: 1991-7813

CC BY

OPEN ACCESS

عنواناتِ کتب میں شعر و سخن سے استفادے کا تحقیقی و تنقیدی مطالعہ

THE TITLES OF BOOKS DERIVED FROM POETRY AN ANALYTICAL STUDY

ڈاکٹر انصار احمد شیخ، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اردو، جامعہ کراچی

Dr. Ansar Ahmed Shaikh, Assistant Professor, Dept. of Urdu, University of Karachi

ABSTRACT

For any book, the "TITLE" is an important point. Reader seeing the front page determines the value and worth of the book in his first glance.

In the titles of Urdu books great advantage has been taken from the verse and words. It appears in the shape of compound, part and verse. There are compounds and constructions so abundant that this article could not bear the burden of them.

In the article before sight we have included verse of proverbial poetry, part, or at least the TITLE of books consist of three words and their poetic credentials are ascertained from authentic and trustworthy editions and they are given with their help in the text with full accuracy.

From this reference we have searched such books in abundance from Government and Private Libraries, P.D.F., Social Resources of Communications and Websites in which determining the titles of books verse and words are gleaned. In this process of seizing and obtainment of TITLES many immaturities, defects and flaws have been seen by us, so their Titles have been reviewed in this article from research and critical point of view.

KEYWORDS: Titles of Urdu books, verse and words, proverbial poetry, part, poetic credentials, trustworthy edition, full accuracy, defect and flaws.

کلیدی الفاظ: اردو کتب کے عنوانات، شعر و سخن، ضرب المثل اشعار، مصرعے، جزو، شعری اسناد، معتبر نسخوں، مکمل صحت، فروگذاشتیں۔

انسان کا رشتہ جب کاغذ اور قلم سے قائم ہوا تو اس نے اپنی صلاحیتوں، تجربوں، کارگزاریوں، معلومات اور جذبات واحساسات کو منظّم ومرتّب صورت میں کتاب میں پیش کیا۔ یوں علم کا بحرِ بیکراں نسلِ انسانی کے لیے محفوظ ہو کر اولادِ آدم کی ترقّی میں ممد ومعاون ثابت ہوا۔ ہم عموماً تحریر وتصنیف کی قرأت کا فیصلہ اُس کے عنوانات کے تحت ہی کرتے ہیں۔ کتب خانوں کی الماریوں میں رکھی اور ویب گاہوں میں سجی کتابوں پر ہمارا سب سے پہلا مثبت ومنفی تاثّر اُن کے عنوانات ہی سے ہوتا ہے۔ بلاشبہ مصنّفین کتابوں کے عنوانات میں حتّی المقدور اپنی افتادِ طبع اور ذہنی اپج کے مطابق کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھتے۔ اِس لیے ان میں قاری کو جمالیاتی حِس کی تسکین کے ساتھ تنوّع بھی ملتا ہے۔ قلم کاروں کی اکثریت تخلیقی مواد کو پیشِ نظر رکھ کر عنواناتِ کتب کا اہتمام کرتی ہے۔

مصنّفین تخلیقی عمل کی طرح عنواناتِ کتب رکھنے میں بھی بااختیار ہوتے ہیں، اِس لیے بعض مصنّفین نے کتابوں کے ناموں میں منفرد اور دلچسپ انداز بھی اختیار کیا ہے۔ مثلاً جوش کی کتابوں کے بیش تر نام مرکبِ عطفی سے مزین ہیں۔ مثلاً: "نقش ونگار"، "شعلہ وشبنم"، "قطرہ وقلزم"، "فکرونشاط"، "جنوں وحکمت"، "حرف وحکایت"، "سنبل وسلاسل"، "سرودوخروش"، "عرش وفرش"، "رامش ورنگ"، "سیف وسبو"، "سموم وصبا"، "موجد ومفکّر"، "الہام وافکار"، "نجوم وجواہر"، "محراب ومضراب"، "حسین اور انقلاب"۔ ڈاکٹر شیر شاہ سیّد نے افسانوی مجموعوں میں لفظ "دل" کو خوب برتا ہے۔ مثال کے طور پر: "دل کی وہی تنہائی" ، "جس کو دل کہتے ہیں"، "دل کی بساط"، "دل میرا بالا کوٹ"، "دل ہے داغ داغ"، "دل نے کہا نہیں"، "چاک ہوا دل" ، "دل ہی تو ہے" ، "کون دلاں دیاں جانے" ، "جو دل نکلے تو دم نکلے"۔ بعض اصحابِ کتب نے عنواناتِ کتب میں اسماے خاص کا استعمال کیا ہے۔ جیسے مرزا ہادی رسوا کی کتابیں: "امراؤ جان ادا"، "شریف زادہ"، "اختری بیگم"۔ ڈاکٹر طاہر سعید ہارون کے ہاں ہمیں کتابوں کے نام ٹھیٹ اردو(ہندی) میں ملیں گے: "میگھ ملہار"، "پریت ساگر"، "بھور نگر"، "پریم رس"، "من بانی"، "کوک"، "من دیپک"، "نیناں درپن"، "رُوپ کرن"، "جیوتی"، "نیلا چندر ماں"، "من موج" وغیرہ۔ محمّد الیاس نے فطرت پر کتابوں کے نام رکھے ہیں، مثلاً: "کہر"، "بارش"، "برف"، "پُروا"، "حبس"، "منظر پسِ غبار"، "اندھیر نگری کے جگنو"۔

عنوانات کی سرورق پر مختصر اور طویل، دونوں صورتیں ہمیں دکھائی دیتی ہیں۔

کبھی اختصار کا یہ عالم ہوتا ہے کہ اس کے لیے مفرد اسما کا چناؤ کر لیا جاتا ہے، مثلاً: "بہاؤ"(۱)، "قید"(۲) وغیرہ۔ اور کبھی طوالت کی یہ صورت بھی دیکھنے کو ملتی ہے کہ سرورق کے سرِورق کی دو سطروں میں بمشکل عنوانِ کتاب سماپاتا ہے۔ اِس طوالت میں جامعات کے تحقیقی مقالے سرِ فہرست ہیں۔ جنھیں بعد ازاں کتابی صورت میں بھی من و عن شائع کر دیا جاتا ہے۔ کچھ مصنّفین کتبِ اردو میں متن کی طرح عنواناتِ کتب میں بھی بے دریغ انگریزی لفظیات کا استعمال کرتے نظر آتے ہیں۔ مثلاً: "مسٹر اردو۔ فانی مقصود حسنی"(۳) ، "سوری ممی"(۴) حالاں کہ ان کے اردو معانی کو با آسانی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ ایسی کتابوں کی بھی کمی نہیں، جن کے ناموں کے لیے آیت ، قول، ضرب المثل، کہاوت اور محاورے کا استعمال کیا گیا۔ مثلاً: "ورفعنا لک ذکرک"(۵)، "محنت میں برکت ہے"(۶)، "جان ہے تو جہان ہے"(۷)، "چراغ تلے اندھیرا"، (۸)، "ڈنکے کی چوٹ" (۹)، "اینٹ کا جواب"(۱۰)، "ہاتھی کے دانت"(۱۱)، "گھر کا نہ گھاٹ کا"(۱۲) وغیرہ شامل ہیں۔

اِسی طرح ایک کثیر تعداد ایسے مصنّفین، مرتّبین اور مترجمین کی بھی ہے، جنھوں نے عنواناتِ کتب میں شعر و سخن سے اخذ و استفادہ کیا ہے۔ (ان کی تفصیلات ہم اگلے صفحات میں پیش کریں گے۔) شعری ذوق رکھنے والے یہ صاحبان شعر کے پورے مصرعے، کبھی جزو اور کبھی تراکیب و مرکبات سے اپنے عنوانات کی زینت کرتے نظر آتے ہیں۔ اِن میں آخری الذّکر کا استعمال سب سے زیادہ ہے۔ ایک ایک مرکب و ترکیب پر آٹھ آٹھ دس دس کتابوں کے نام ہیں۔ اردو زبان میں مرزا غالب کی استعمال شدہ ترکیب "نوائے سروش" پر آٹھ کتابیں(۱۳) تصنیف ہوئی ہیں۔ اِسی کثرت کی بنا پر آئندہ اوراق میں فراہم کردہ فہرست میں مرکبات کو شامل نہیں کیا گیا ہے۔

اردو کتابوں کے عنوانات میں جن شعرا کے ضرب المثل اشعار کے مصرعوں، جزو یا لفظیات کو سب سے زیادہ برتا گیا ہے، ان میں میر تقی میر، مرزا غالب، علامہ اقبال اور فیض احمد فیض ہیں، اور ان میں بھی تفوّق غالب اور اقبال کو حاصل ہے۔ مقامِ تعجّب ہے کہ بعض نے شعرا کے مصرعوں کو برتتے ہوئے تحقیق و جستجو سے کماحقّہ کام نہیں لیا۔ اِس لیے اُن میں فروگذاشتیں بھی دیکھنے کو ملتی ہیں، لیکن کچھ نے ضرورتاً اور دانستہ بھی مصرعوں میں ردّوبدل کیا ہے۔ شعر کو مقرّر شدہ وزن پر لانے کے لیے کبھی حروف کی تخفیف بھی کرنی پڑتی ہے، جو نثر میں لازمی نہیں ہوتی۔ اِن سب کی ذیل میں کچھ مثالیں پیشِ خدمت ہیں:

عنواناتِ کتب	مصرع	مصنّف / مرتّب/مترجم	ادارہ	سالِ اشاعت
اردو ہے جن کا نام	اردو ہے جس کا نام	فاروق ارگلی	ایم آر پبلی کیشنز، دہلی	۲۰۱۰ء

اردو ہے جس کا نام ہمیں جانتے ہیں داغؔ

ہندوستاں میں دھوم ہماری زباں کی ہے(۱۴)

اس گھر کو آگ لگ گئی	آخر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے	تالیف وتدوین: سیّد عاشور کاظمی	انجمنِ ترقّیٔ اردو (ہند) دہلی	۱۹۹۳ء

"شعلہ بھڑک اٹھا مرے اِس دل کے داغ سے

آخر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے"(۱۵)

اسی دیوار کے سائے میں	ہو گا کسو دیوار کے سائے میں پڑا میرؔ	رفعت سروش	ڈی ڈی اے فلیٹس منیرکا، نئی دہلی	۱۹۸۷ء

ہو گا کسو دیوار کے سائے میں پڑا میرؔ

کیا ربط محبّت سے اُس آرام طلب کو(۱۶)

اک آگ سی سینے میں	اک آگ سی ہے سینے کے اندر لگی ہوئی	عبدالمجید خاں مجید	استعارہ پبلی کیشنز، نئی دہلی	۲۰۰۴ء

"شاید اِسی کا نام محبّت ہے شیفتہؔ

اک آگ سی ہے سینے کے اندر لگی ہوئی"(۱۷)

اور بھی غم ہیں زمانے میں۔۔۔	اور بھی دکھ ہیں زمانے میں	ریوتی سرن شرما	اہلو والیہ بک ڈپو، نئی دہلی	۱۹۸۶ء

اور بھی دُکھ ہیں زمانے میں محبّت کے سوا

راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا(۱۸)

اور کارواں بڑھتا گیا	لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا	عبدالوہاب فونڈن	مہاتما گاندھی انسٹی ٹیوٹ، ماریشس	۱۹۹۲ء

میں اکیلا ہی چلا تھا جانبِ منزل مگر

لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا(۱۹)

اور کچھ بیاں اپنا	ذکر اس پری وش	داؤد اشرف	شگفتہ پبلی کیشنز،	۱۹۸۰ء

	کا اور پھر بیاں اپنا		حیدر آباد	

ذکر اُس پری وش کا، اور پھر بیاں اپنا

بن گیا رقیب آخر، تھا جو راز داں اپنا (۲۰)

ایک قطرۂ خوں	اِک قطرۂ خوں	عصمت چغتائی	فن اور فن کار، بمبئی	۱۹۷۶ء

"بڑا شور سنتے تھے پہلو میں دل کا

جو چیرا تو اِک قطرۂ خوں نہ نکلا" (۲۱)

پنکھڑی گلاب سی	پنکھڑی اِک گلاب کی سی ہے	رؤف انجم	غلام امجد خان آفریدی، اورنگ آباد	بارِ اوّل: جون ۱۹۷۹ء

نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے

پنکھڑی اِک گلاب کی سی ہے (۲۲)

جو اکثر یاد آتے ہیں	تو اکثر یاد آتے ہیں	دیواندر گپتا	جے کے بُک ہاؤس، جموں	۱۹۹۲ء
جو اکثر یاد آتے ہیں	تو اکثر یاد آتے ہیں	محمّد ارشد خاں	ادبی دائرہ، اعظم گڑھ	بارِ اوّل: فروری ۲۰۱۵ء

"نہیں آتی تو یاد اُن کی مہینوں تک نہیں آتی

مگر جب یاد آتے ہیں، تو اکثر یاد آتے ہیں" (۲۳)

پہنچی وہیں پہ خاک	پہنچے وہاں ہی خاک، جہاں کا خمیر تھا	محی الدّین نواب	کتاب والا، دہلی	۱۹۹۱ء

"آخر گِل اپنی صرفِ درِ مے کدہ ہوئی

پہنچے وہاں ہی خاک، جہاں کا خمیر تھا" (۲۴)

تماشا میرے آگے	ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے	جمیل الدّین عالی	شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور	بارِ دوم: ۱۹۸۵ء
تماشا میرے آگے	ایضًا	ترتیب و انتخاب: زبیر رضوی	غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی	۲۰۰۷ء

"بازیچۂ اطفال ہے، دنیا مرے آگے

ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے" (۲۵)

حق تو یہ ہے	حق تو یوں ہے	شبیب احمد کاف	آمنہ پبلی کیشنز اینڈ بُک	ستمبر

کہ---	کہ ادا نہ ہوا	(مرتبہ: آمنہ تحسین)	پروموٹرس، حیدر آباد	۱۹۹۵ء

"جان دی، دی ہوئی اُسی کی تھی

حق تو یوں ہے کہ حق ادا نہ ہوا"(۲۶)

جو دل پر گزری ہے	جو دل پہ گزرتی ہے---	عقیل احمد فضا اعظمی	ایوانِ اردو، کراچی	اشاعتِ اوّل: اکتوبر ۱۹۹۶ء

"ہم پرورشِ لوح و قلم کرتے رہیں گے

جو دل پر گزرتی ہے، رقم کرتے رہیں گے"(۲۷)

خاک میں صورتیں	خاک میں کیا صورتیں	فضا اعظمی	نقش پبلی کیشنز، کراچی	۲۰۱۶ء

سب کہاں، کچھ لالہ و گُل میں نمایاں ہو گئیں

خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں (۲۸)

خونِ جگر ہونے تک	خونِ جگر ہوتے تک(۲۹)	فضل کریم	دبستان ،ناظم آباد، کراچی	بارِ دوم: ۱۹۶۰ء

عاشقی صبر طلب، اور تمنّا بے تاب

دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہوتے تک (۳۰)

دلّی جو اِک شہر تھا---	دلّی جو ایک شہر تھا عالم میں انتخاب	انتخابِ مضامین: خان بہادر ناصر علی، تحقیق و ترتیب: ڈاکٹر عبدالستّار	مفیض بک ڈپو، دہلی	بارِ اوّل: ۲۰۰۷ء
دلّی جو اِک شہر ہے	ایضاً	ظفر انور	شالیمار آفسیٹ، نئی دہلی	۲۰۱۹ء

"دلّی جو ایک شہر تھا عالَم میں انتخاب

رہتے تھے منتخب ہی جہاں روزگار کے"(۳۱)

دنیا میرے آگے	بازیچۂ اطفال ہے، دنیا مرے آگے	جمیل الدّین عالی	شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور	بارِ اوّل: ۱۹۷۵ء
دنیا میرے آگے	ایضاً	ندا فاضلی	معیار پبلی کیشنز، دہلی	۲۰۰۸ء

"بازیچۂ اطفال ہے، دنیا مرے آگے

ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے"(۳۲)

ڈھونڈھو گے انھیں	ڈھونڈو گے اگر	ڈاکٹر کبیر احمد جائسی	قرطاس، کراچی یونیورسٹی، کراچی	اپریل ۲۰۰۲ء

"ڈھونڈھوگے اگر ملکوں ملکوں ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم

تعبیر ہے جس کی حسرت و غم اے ہم نفسو وہ خواب ہیں ہم"(33)

سحر ہونے تک	سحر ہوتے تک	فرید عشرتی	نامی پریس، لکھنؤ	۱۹۷۴ء
سحر ہونے تک	ایضًا	ایوان ترگنیف، مترجم: خدیجہ عظیم	دارالاشاعت ترقّی، ماسکو	۱۹۷۶ء
سحر ہونے تک	ایضًا	ارشد صدّیقی	مکتبۂ دانش کدہ، بھوپال	۲۰۰۲ء
سحر ہونے تک	ایضًا	آغا جانی کشمیری	انشا پبلی کیشنز، کولکتہ	۲۰۱۳ء
سحر ہونے تک(۱)	ایضًا	ڈاکٹر عبدالقدیر خان	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۴ء
سحر ہونے تک(۲)	ایضًا	ڈاکٹر عبدالقدیر خان	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۴ء
سحر ہونے تک(۳)	ایضًا	ڈاکٹر عبدالقدیر خان	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۴ء
سحر ہونے تک(۴)	ایضًا	ڈاکٹر عبدالقدیر خان	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۵ء
سحر ہونے تک(۵)	ایضًا	ڈاکٹر عبدالقدیر خان	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۵ء
سحر ہونے تک(۶)	ایضًا	ڈاکٹر عبدالقدیر خان	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۵ء
سحر ہونے تک	ایضًا	شبیہ زہرا حسینی	مشکوٰۃ پرنٹرس، علی گڑھ	بارِ اوّل: ۲۰۱۴ء

سحر ہونے تک	ایضًا	سیّد احمد سحر شاہ جہاں پوری	بسمل گرافکس، شاہ جہاں پور	۲۰۰۷ء
سحر ہونے تک	ایضًا	چرخوف، مترجم: ابنِ انشا	سنگم پبلشرز لمیٹڈ، لاہور	س ن

"تا قیامت شبِ فرقت میں گزر جائے گی عمر

سات دن ہم پہ بھی بھاری ہیں، سحر ہوتے تک"

"غمِ ہستی کا اسدؔ، کس سے ہو جُز مرگ علاج

شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہوتے تک"(۳4)

قطرے پہ گہر ہونے تک(۳5)	دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہوتے تک	غزالہ قمر اعجاز	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۱۶ء
قطرہ سے گہر ہونے تک	ایضًا	صالحہ عابد حسین	نسیم بک ڈپو، لکھنو	بارِ دوم: ۱۹۸۵ء
گہر ہونے تک	ایضًا	شفیق بریلوی	تاج پریس بہرائچ	۱۹۹۱ء
گہر ہونے تک	ایضًا	حمید احمد سیٹھی	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۴ء

"دامِ ہر موج میں ہے، حلقۂ صد کامِ نہنگ

دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہوتے تک"(۳6)

کس دیس بستیاں	وے صورتیں الٰہی کس ملک بستیاں ہیں	جگن ناتھ آزاد	کریسنٹ ہاؤس پبلی کیشنز، جموں	۲۰۰۳ء

وے صورتیں الٰہی کس ملک بستیاں ہیں

اب دیکھنے کو جن کے آنکھیں ترستیاں ہیں(۳7)

یہ بازی عشق کی بازی ہے	گر بازی عشق کی بازی ہے جو چاہو لگا دو ڈر کیسا	فرخندہ بخاری	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۲ء

گر بازی عشق کی بازی ہے جو چاہو لگا دو ڈر کیسا

گر جیت گئے تو کیا کہنا، ہارے بھی تو بازی مات نہیں(۳8)

لکھتے رہے جنوں	لکھتے رہے جنوں	الطاف گوہر	سنگِ میل پبلی	۲۰۱۷ء

کی حکایت	کی حکایات		کیشنز، لاہور	

"لکھتے رہے جنوں کی حکایاتِ خونچکاں

ہر چند اُس میں ہاتھ ہمارے قلم ہوئے" (۳9)

مجھ سے کہا ہوتا	کچھ ہم سے کہا ہوتا کچھ ہم سے سنا ہوتا	آنند لہر	اردو بک سوسائٹی، نئی دہلی	۲۰۰۵ء

"غیروں سے کہا تم نے، غیروں سے سنا تم نے

کچھ ہم سے کہا ہوتا، کچھ ہم سے سنا ہوتا" (۴0)

مشکلیں اتنی پڑیں	مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں	جی ایس عالم	پیراماؤنٹ پبلشنگ کواپریٹو سوسائٹی، دہلی	بارِ اوّل: ۱۹۶۰ء

"رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج

مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں" (۴1)

ناخن کا قرض	ناخن پہ قرض اس گرہِ نیم باز کا	میرزا ادیب	امتزاج پبلی کیشنز، لاہور	فروری ۱۹۸۱ء
ناخن کا قرض	ایضًا	وارث علوی	مکتبہ جدید، دہلی	۲۰۰۳ء

"کاوش کا دل کرے ہے تقاضا، کہ ہے ہنوز

ناخن پہ قرض اس گرہِ نیم باز کا" (۴2)

ہر دم رواں ہے زندگی	جاوداں پیہم دواں، ہر دم جواں ہے زندگی	حمیدہ سالم	حرا پبلی کیشنز، نئی دہلی	۲۰۰۴ء

تُو اسے پیمانۂ امروز و فردا سے نہ ناپ

جاوداں پیہم دواں، ہر دم جواں ہے زندگی (۴3)

ہم کہاں کے دانا ہیں	ہم کہاں کے دانا تھے---	محبوب بڑائی ہبلوی	راج ماتا پرکاشن، ہبلی	۱۹۶۷ء

"ہم کہاں کے دانا تھے؟ کس ہنر میں یکتا تھے؟

بے سبب ہوا غالبؔ، دشمن آسماں اپنا" (۴4)

ہنس کر گزار دے	ہنس کر گزار یا ---	پاپولر میرٹھی	مکتبۂ جامعہ لمیٹڈ، دہلی	پہلا ایڈیشن: اگست ۱۹۹۷ء

"اے شمع، تیری عمرِ طبیعی ہے ایک رات

ہنس کر گزار یا اِسے رو کر گزار دے"(۴5)

یہ دھواں کہاں سے اُٹھتا ہے	یہ دھواں سا کہاں سے اُٹھتا ہے	مصوّر سبزواری	اے ون آفسیٹ، نئی دہلی	فروری ۱۹۹۱ء

"دیکھ تو دل کہ جاں سے اُٹھتا ہے

یہ دھواں سا کہاں سے اُٹھتا ہے"(۴6)

مذکورہ تصریف وترمیم کی بیش تر مثالوں میں ایک آدھ لفظ کی تبدیلی ہوئی ہے، لیکن معاملہ جب لفظ سے الفاظ پر اور اس کی نشست وبرخاست پر آجائے تو پھر یہ کھٹکنے لگتا ہے۔ مقامِ حیرت ہے کہ اشعار کی ترمیم شدہ صورتیں زبانِ زدِعام بھی ہو جاتی ہیں۔ مثلاً غالب کے اِس مصرع: "یار سے چھیڑ چلی جائے اسدؔ" کو لوگوں نے بگاڑ کر "چھیڑ خوباں سے چلی جائے اسدؔ" کر دیا ہے، اور لطف کی بات یہ ہے کہ اِس کی ابتدائی لفظیات "چھیڑ خوباں سے" کے نام سے کتاب بھی شائع ہو گئی۔(۴7) پرستارِ غالب سعادت حسن منٹو بھی اِس بگڑے ہوئے پورے مصرعے کو عنوانِ مضمون دے کر غالب پر خامہ فرسائی کر چکے ہیں۔(۴8) ایک کتاب "چھیڑ غالبؔ سے چلی جائے" بھی ملتی ہے۔(۴9)

اِسی طرح اردو کی ایک اصطلاح "تحریف" (پیروڈی) بھی ہے۔ جس میں تحریف نگار عموماً مصرع کے ایک آدھ لفظ میں تصرّف وتبدّل کر کے طنز ومزاح کے شگوفے کھلاتا ہے۔ تحریف نگاری کی روایت نثر ونظم دونوں میں ملتی ہے۔ عہدِ اودھ پنچ اور سرپنچ تحریف نگاری کے لیے بڑا ساز گار رہا ہے۔(50) اگر شاعری کی بات کی جائے تو تحریف شدہ اشعار چاہے کتنے ہی عمدہ کیوں نہ ہوں، وہ حقیقی یعنی اصل کے مقام کو نہیں پہنچ سکتے، لیکن اِن کی اہمیت اور عظمت سے بھی مفر ممکن نہیں۔ اِسی معروف اصطلاح کو چند مصنّفین نے عنواناتِ کتب میں بھی برتا ہے۔ معروف شعرا کے مقبول مصرعوں کی تحریف اور ان پر کتابوں کے نام پیشِ خدمت ہیں:

عنواناتِ کتب	اصل مصرع	مصنّف/مرتّب/مترجم	ادارہ	سالِ اشاعت
عمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار ماہ	عمرِ دراز مانگ کے لائی تھی چار دن	اشتیاق سعید	نیوز ٹاؤن پبلشرز، ممبئی	جون ۲۰۱۵ء

عمرِ دراز مانگ کے لائی تھی چار دن

دو آرزو میں کٹ گئے، دو انتظار میں(۵1)

پردہ اٹھا دوں اگر	پردہ اٹھا دوں اگر	ڈاکٹر ف	کتاب سرائے، لاہور	بارِ دوم:

چہرۂ الفاظ سے---	چہرۂ افکار سے	عبدالرّحیم		۲۰۱۶ء

پردہ اٹھا دوں اگر چہرۂ افکار سے

لا نہ سکے فرنگ میری نواؤں کی تاب(۵2)

زندگی زنداں دلی کا نام ہے	زندگی زندہ دلی کا نام ہے	ظفر اللہ پوشنی	ظفر اللہ پوشنی ایف بی ایریا، کراچی	بارِ اوّل: ۱۹۷۶ء

"زندگی زندہ دلی کا نام ہے

مردہ دل خاک جیا کرتے ہیں!"(۵3)

کارِ زباں دراز ہے	کارِ جہاں دراز ہے، اب مرا انتظار کر	خالد کرار	سیاق پبلی کیشنز، جموں	۲۰۱۵ء

"باغِ بہشت سے مجھے حکمِ سفر دیا تھا کیوں

کارِ جہاں دراز ہے، اب مرا انتظار کر"(۵4)

کہتے ہیں ناقدین غائبانہ کیا	کہتی ہے تجھ کو خلقِ خدا غائبانہ کیا؟	مرتبہ: معین کمالی	الحمد پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۹ء

"سن تو سہی، جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا؟

کہتی ہے تجھ کو خلقِ خدا غائبانہ کیا؟"(۵5)

لاہور کا جو ذکر کیا---	کلکتے کا جو ذکر کیا تُو نے ہم نشیں!	گوپال متل	ماڈرن پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی	۲۰۰۰ء

"کلکتے کا جو ذکر کیا تُو نے ہم نشیں!

اِک تیر میرے سینے میں مارا کہ ہائے ہائے!"(۵6)

لے نام بھی آہستہ---	لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام	عفّت موہانی	نسیم بُک ڈپو، لکھنؤ	۱۹۷۴ء

"لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام

آفاق کی اس کارگہ شیشہ گری کا"(۵7)

ہم بھی وہاں موجود تھے	ہم بھی وہیں موجود تھے ہم سے بھی سب پوچھا کیے	لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالمجید ملک	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۵ء

"ہم بھی وہیں موجود تھے ہم سے بھی سب پوچھا کیے

ہم ہنس دیے، ہم چپ رہے، منظور تھا پردا ترا"(۵8)

ہوئے پڑھ کے ہم جو رُسوا	ہوئے مر کے ہم جو رُسوا، ہوئے کیوں نہ غرقِ دریا	سیّد محمّد جلیل	بہار اردو اکادمی	۲۰۱۴ء
ہوئے جی کے ہم جو رسوا	ایضًا	شبّ انصاری	نور پبلی کیشنز، مالیگاؤں	بارِ اوّل: جنوری ۲۰۱۲ء

"ہوئے مر کے ہم جو رُسوا، ہوئے کیوں نہ غرقِ دریا

نہ کبھی جنازہ اُٹھتا، نہ کہیں مزار ہوتا"(۵۹)

ہیں خواتین کچھ نظر آتی ہیں کچھ	ہیں کواکب کچھ، نظر آتے ہیں کچھ	منظور عثمانی	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	بارِ اوّل: ۲۰۰۲ء

"ہیں کواکب کچھ، نظر آتے ہیں کچھ

دیتے ہیں دھوکا، یہ بازی گر کُھلا"(60)

تحریف کی طرح تضمین بھی اردو ادب کی معروف اصطلاح ہے، جس سے مراد پناہ میں لے لینا، ضامن بنانا ہے۔(۶۱)اِس کی کئی متداول صورتیں شاعری میں موجود ہیں۔ عموماً شعرا تضمین کرتے وقت لیے گئے مصرعے یا شعر کو واوین میں پیش کرتے ہیں، لیکن مصرعے کے جزو کو لیتے وقت اِس کی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی۔ اِسی لیے مصرعے کے ایک ٹکڑے کو متعدّد شعرا کے ہاں دیکھا جاسکتا ہے۔ ایسا شعوری اور غیر شعوری طور پر بھی ممکن ہے۔ مثلاً احمد ندیم قاسمی کا مصرع: "یادوں کے چراغ جل رہے ہیں"(۶2)کے جزوِ اوّل "یادوں کے چراغ" کو سیّد شاہد حسین عشقی، احمد فراز، جمیل نقوی، اجے سحاب، شاعر لکھنوی، اختر سعیدی، سیّد مبین علوی خیر آبادی، جاوید کمال رام پوری، ظہیر کاشمیری، ستیہ نند جاوا، فرخندہ رضوی، سیّد محمّد عسکری عارف، اعجاز الحق شہاب وغیرہ کے مصرعوں میں ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔ اِسی جزو "یادوں کے چراغ" کو عنواناتِ کتب کے تحت بھی برتا گیا ہے:

عنواناتِ کتب	مصنّف / مرتّب / مترجم	ادارہ	سالِ اشاعت
یادوں کے چراغ	سلامت اللہ	ادارہ ندارد	۱۹۹۷ء
ایضًا	ڈی ڈی ٹھاکور	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۰۶ء
ایضًا	عارف نقوی	موڈرن پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۰۵ء
ایضًا	صالحہ عابد حسین	نسیم بُک ڈپو، لکھنؤ	اگست ۱۹۶۶ء
ایضًا	پروفیسر شبّیر احمد قاضی	شرقی پبلی کیشنز، انڈیا	۲۰۰۹ء

	شاذ شرقی		
ایضًا	اقبال جعفری	مدھیہ پردیش اردو اکادمی، بھوپال	بارِ اوّل:۱۹۸۵ء
ایضًا	عصمت اللہ عصمت	عصمت میموریل پبلشرز کمپنی، حیدر آباد	۱۹۹۳ء
ایضًا	محمدّ ثناء الہدیٰ قاسمی	رحمانیہ ایجوکیشنل اینڈ ویلفیر ٹرسٹ گیاری، دربھنگہ	۲۰۰۹ء

دنیاے ادب میں جس طرح بعض قلم کاروں نے اپنے ہی افسانوں، انشائیوں، مقالوں اور مضامین وغیرہ کے عنوانات کو کتابوں کے نام عطا کیے ہیں۔ بالکل اِسی طرح بعض شعرا اور گیت نگاروں نے بھی اپنی نظموں، غزلوں، نغموں کے مصرعوں یا ان کے جزو کو عنواناتِ کتب کے طور پر استعمال کیا ہے۔ نظموں کے عنوانات پر بھی کتابوں کے نام رکھے گئے ہیں۔ چند مثالیں ملاحظہ کیجیے: ساحر لدھیانوی کی کتاب:"آؤ کہ کوئی خواب بُنیں"(٦3)، ابنِ انشا کی کتاب:"اِس بستی کے اِک کوچے میں"(٦4)، اختر الایمان کی کتاب:"اِس آباد خرابے میں"(٦5)، فیض احمد فیضؔ کی کتاب:"مرے دل مرے مسافر"(٦6)، حکیم ناصر کی کتاب:"دیوانہ بنا رکھا ہے"(٦7)، رسا چغتائی کی کتاب:"تیرے آنے کا انتظار رہا"(٦8)، اکبر معصومؔ کی کتاب:"اور کہاں تک جانا ہے"(٦9)، احمد فراز کی کتاب:"بے آواز گلی کوچوں میں"(70)، منیر نیازی کی کتاب:"دشمنوں کے درمیان شام"(1٧)، حمایت علی شاعر کی کتاب:"جاگ اُٹھا ہے سارا وطن"، (2٧)، حبیب جالب کی کتاب:"جہاں بھی گئے داستان چھوڑ آئے"(3٧) وغیرہ شامل ہیں۔

متقدّمین سے متأخرین شعرا کے بعض مصرعوں کے ایسے جزو جو یک ساں ہوتے ہیں، انھیں مصنّفین عنواناتِ کتب کے حوالے سے منتخب کرنے میں بااختیار ہیں۔ اِس ضمن میں محض کتابوں کے ناموں پر متقدّمین یا متوسّطین کے مصرعوں کا قیاس کرنا بھی موزوں نہیں ہے۔ کیوں کہ کبھی کبھار متأخرین کے مصرعے بھی پسندیدگی اور مقبولیت میں اپنے پیش روسے زیادہ سراہے جاتے ہیں۔ اِس بات کا اندازہ راقم کو کتاب کے سرِورق کے ساتھ ساتھ اندرونی صفحوں کے مطالعے سے ہوا۔ پیش لفظ، مقدّمے کے علاوہ کتاب کے ابتدائی صفحات کی ورق گردانی نے مکمل شعر کی صورت میں شاعر سے متعارف کروایا۔ مثلاً غالب کے ہم عصر مصطفیٰ خاں شیفتہ کے مشہور شعر کا مصرع:"بڑھا بھی دیتے ہیں ہم زیبِ داستاں کے

لیے"(۷4) کو علامہ اقبال نے اپنے مخصوص انداز میں"بڑھا دیا ہے فقط زیبِ داستاں کے لیے"(۷5) کہا ہے۔اِن دونوں مصرعوں کے آخری جزو"زیبِ داستاں کے لیے"کو مصطفٰی مجازنے اپنی کتاب کا نام دیا ہے۔(۷6)لیکن مصنّف نے کتاب کے اندرونی صفحے پر شیفتہ کی بجائے اقبال کا مذکورہ مصرعے کا پورا شعر(۷7) رقم کرکے شاعرِ مشرق سے اپنی پسندیدگی ثابت کردی ہے۔اِسی طرح مصنّفین کبھی کسی شاعر کے مصرعے کے جزو کو عنوانِ کتاب کے طور پر منتخب کرتے ہیں تو وہ جزو ایک سے زائد مصرعوں میں بھی موجود ہوتا ہے۔مثلاً غالب کی دو الگ غزلوں کے مصرعے:"آئینہ خانے میں کوئی لیے جاتا ہے مجھے"(۷8)،"کہ طوطی قفلِ زنگ آلودہ ہے آئینہ خانے میں"(۷9)ہیں، ان دونوں مصرعوں کے جزو اوّل وآخر"آئینہ خانے میں" کو عنوانِ کتب بھی دیا گیا ہے۔(آگے فہرستِ کتب میں ان کی تفصیلات موجود ہیں) اوّل الذّکر مصرع چوں کہ زیادہ معروف ہے، اور اس پر کئی شعرا کی تضمین بھی ہیں، اِس لیے سند میں اسی کو مکمل شعر کے ساتھ رکھا گیا ہے۔

ذیل میں عنواناتِ کتب کو الفبائی ترتیب سے پیش کیا جارہا ہے۔شعری اسناد میں حتّی الوسع مستند اور معتبر کلیات، دواوین اور شعری مجموعوں کو اہمیت دی گئی ہے۔ہر ممکن کوشش کی گئی ہے کہ ضرب المثل اشعار کے مصرعے، جزو یا کم از کم تین الفاظ پر مشتمل عنواناتِ کتب اِس مقالے میں آجائیں، اور ان کے ساتھ زبان زدِعام اشعار بھی پوری صحت کے ساتھ درج ہوجائیں۔مکرّر عرض کردوں کہ خوفِ طوالت کے باعث مرکبات وتراکیب سے دانستہ گریز کیا جارہا ہے۔اِس مقالے کی تکمیل میں ہم نے فہرستِ کتب کے بجائے براہِ راست متعدّد سرکاری، نجی اور ذاتی کتب خانوں، پی ڈی ایف، سماجی ذرائع ابلاغ اور ویب گاہوں سے اخذ واستفادہ کیا ہے۔

عنواناتِ کتب	مصنّف / مرتّب / مترجم	ادارہ	سالِ اشاعت
آبِ روانِ کبیر	مشرّف عالم ذوقی	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۱۳ء

آبِ روانِ کبیر! تیرے کنارے کوئی
دیکھ رہا ہے کسی اور زمانے کا خواب(80)

آتشِ رفتہ کا سراغ	فتح محمّد ملک	نیشنل بُک فاؤنڈیشن، اسلام آباد	اوّل:2013ء
آتشِ رفتہ کا سراغ	مشرّف عالم ذوقی	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۱۳ء

میں کہ مری غزل میں ہے آتشِ رفتہ کا سراغ

میری تمام سرگذشت کھوئے ہوؤں کی جستجو(۸۱)

آتش زیرِپا	آغاشید اکاشمیری	مغربی پاکستان اردو اکیڈمی، لاہور	اوّل: جولائی ۱۹۹۳ء
آتش زیرِپا	بانو قدسیہ	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۰۱ء
آتش زیرِپا	ساجدہ زیدی	ساجدہ زیدی، علی گڑھ	۱۹۹۵ء
آتش زیرِپا	محمّد اصغر خان	فراز پبلی کیشنز، کراچی	دسمبر ۱۹۹۹ء

"بس کہ ہوں غالبؔ، اسیری میں بھی آتش زیرِپا

موے آتش دیدہ ہے، حلقہ مری زنجیر کا"(۸2)

آخرِ شب کے ہم سفر	قرۃالعین حیدر	علوی بک ڈپو، بمبئی	مئی ۱۹۷۹ء

آخرِ شب کے ہم سفر فیضؔ نہ جانے کیا ہوئے

رہ گئی کس جگہ صبا، صبح کدھر نکل گئی(۸3)

آسماں اور بھی ہیں	سلمٰی حجاب	ادائے امکان، لکھنؤ	ستمبر ۲۰۱۱ء

تو شاہیں ہے، پرواز ہے کام تیرا

ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں(۸4)

آشفتہ بیانی میری	رشید احمد صدّیقی	مسلم ایجوکیشنل پریس، علی گڑھ	اشاعتِ اوّل: فروری ۱۹۵۸ء

"کیا بیاں کر کے مرا روئیں گے یار؟

مگر آشفتہ بیانی میری"(۸5)

آفت کا ٹکڑا	خان محمّد فضل الرّحمان	رشید احمد چودھری، لاہور	بارِ اوّل: ۱۹۶۲ء

"میں اور ایک آفت کا ٹکڑا وہ دلِ وحشی کہ ہے

عافیت کا دشمن، اور آوارگی کا آشنا"(۸6)

آگ اور پانی	ڈاکٹر شمیم احمد	نسیم منزل سیتا پور روڈ، لکھنؤ	بارِ اوّل: ۲۰۱۳ء
آگ اور پانی	طارق جمیلی	طارق جمیل جامع مسجد گیٹ پورنیہ، بہار	نومبر ۱۹۶۷

"قسم اِس آگ اور پانی کی

موت اچھی ہے بس جوانی کی" (۸7)

آگ کا دریا	قرّۃالعین حیدر	اردو کتاب گھر، دہلی	۱۹۸۴ء

"یہ عشق نہیں آساں اتنا ہی سمجھ لیجیے

اِک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے"(۸8)

آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے	ڈاکٹر افتخار بیگم صدّیقی	ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ	۱۹۹۷ء
آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے	شاداب متھراوی	بزمِ اقبال، کراچی	فروری ۱۹۸۸ء
آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے	نسیم انجم	الجلیس انٹر نیشنل پاکستان بکس پبلشنگ سروسز	۲۰۲۰ء

آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے، لب پہ آ سکتا نہیں

محوِ حیرت ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائے گی (۸۹)

آنکھ سے آنسو ٹپکا	سعیدہ سلطانہ	نسیم بک ڈپو، لکھنؤ	سنہ ندارد

"تارا ٹوٹتے سب نے دیکھا، یہ نہیں دیکھا ایک نے بھی

کس کی آنکھ سے آنسو ٹپکا، کس کا سہارا ٹوٹا ہے" (90)

آنکھوں میں تو دم ہے	خاور اعجاز (مرتّب)	نیشنل بک فاؤنڈیشن، اسلام آباد	اشاعتِ اوّل: جنوری ۲۰۱۷ء

"گو ہاتھ کو جنبش نہیں، آنکھوں میں تو دم ہے

رہنے دو ابھی ساغر و مینا مرے آگے" (۹۱)

آنکھیں ترستیاں ہیں	جگن ناتھ آزاد	موڈرن پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی	بارِ اوّل: ۱۹۸۱ء

"وے صورتیں الٰہی کس ملک بستیاں ہیں

اب دیکھنے کو جن کے آنکھیں ترستیاں ہیں" (۹۲)

آواز تو دیکھو	شبنم شکیل	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۳ء

"اس غیرتِ ناہید کی ہر تان ہے دیپک

شعلہ سا چمک جائے ہے، آواز تو دیکھو" (۹3)

آئینہ خانے میں	اسلوب احمد انصاری	یونیورسل بک ہاؤس، علی گڑھ	۲۰۰۴ء
آئینہ خانے میں	خلیل الرّحمان اعظمی	آرٹ اکیڈمی، علی گڑھ	س ن

مدّعا، محوِ تماشائے شکستِ دل ہے

آئینہ خانے میں کوئی لیے جاتا ہے مجھے (۹۴)

اپنا گریباں چاک	ڈاکٹر جاوید اقبال	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	دسمبر ۲۰۰۲ء

"فارغ تو نہ بیٹھے گا محشر میں جنوں میرا

یا اپنا گریباں چاک یا دامنِ یزداں چاک!"(95)

اٹھتے ہیں حجاب آخر	پروفیسر احمد رفیق اختر	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۶ء

"افلاک سے آتا ہے نالوں کا جواب آخر

کرتے ہیں خطاب آخر، اُٹھتے ہیں حجاب آخر"(96)

اجڑے دیار میں	انتخاب: امتیاز علی	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	بارِ اوّل: ۲۰۰۲ء

"لگتا نہیں ہے جی مرا اُجڑے دیار میں

کس کی بنی ہے عالم ناپائدار میں"(97)

اردو ہے جس کا نام	امیر چند بہار	انجمنِ ترقّی اُردو (ہند) نئی دہلی	۲۰۰۷ء
اردو ہے جس کا نام۔۔	چندر سریو استوا	انجمنِ تحفّظِ اردو، حیدر آباد	جنوری ۱۹۸۱ء
اردو ہے جس کا نام	سیّد روح الامین (مؤلف)	عزّت اکادمی، گجرات	۲۰۰۴ء
اردو ہے جس کا نام	ضیاہانی	نقش کوکن پبلی کیشن ٹرسٹ، بمبئی	بارِ اوّل: ۱۹۷۵ء

اردو ہے جس کا نام ہمیں جانتے ہیں داغؔ

ہندوستاں میں دھوم ہماری زباں کی ہے(98)

اک بوند لہو کی	جوگندر پال	مکتبۂ افکار، کراچی	اگست ۱۹۶۲ء

"اچھا ہے سر انگشتِ حنائی کا تصوّر

دل میں نظر آتی تو ہے اک بوند لہو کی"(99)

اک جہاں اور بھی ہے	رضیہ فصیح احمد	چمن بُک ڈپو، دہلی	س ن

کھو نہ جا اس سحر و شام میں اے صاحبِ ہوش!

اک جہاں اور بھی ہے جس میں نہ فردا ہے نہ دوش(100)

اکثر یاد آتے ہیں	مظہر امام	ادب پبلی کیشنز، نئی دہلی	۱۹۹۳ء
جو اکثر یاد آتے ہیں	دیواندر گپتا	جے کے بُک ہاؤس، جموں	۱۹۹۲ء
جو اکثر یاد آتے ہیں	محمّد ارشد خاں	ادبی دائرہ، اعظم گڑھ	بارِ اوّل: فروری ۲۰۱۵ء

"نہیں آتی تو یاد اُن کی مہینوں تک نہیں آتی

مگر جب یاد آتے ہیں، تو اکثر یاد آتے ہیں"(۱۰۱)

اک شمع رہ گئی	عطیہ پروین	نسیم بُک ڈپو، لکھنؤ	۱۹۷۷ء

"داغِ فراقِ صحبتِ شب کی جلی ہوئی
اک شمع رہ گئی ہے، سو وہ بھی خموش ہے"(102)

اگر اور جیتے رہتے	عطیہ پروین	نسیم بُک ڈپو، لکھنؤ	۱۹۷۵ء

"یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے، یہی انتظار ہوتا"(103)

اندازِ بیاں اور۔۔۔	آثم پیرزادہ	آثم پیرزادہ سہارن پور، یوپی	۲۰۱۳ء
اندازِ بیاں اور۔۔۔	ابراہیم اشک	ندیم پبلی کیشنز، ممبئی	اکتوبر ۲۰۰۲ء
اندازِ بیاں اور	مرتبّہ: ڈاکٹر ظلّ ہما	شاہد پبلی کیشنز، نئی دہلی	اوّل: ۲۰۰۹ء
اندازِ بیاں اور	راجا مہدی علی خاں	اکادمی پنجاب، لاہور	اوّل: ۱۹۶۲ء
اندازِ بیاں اور	منیب مظفرّ پوری	وِشو بھارتی ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، بہار	جنوری ۲۰۲۰ء
اندازِ بیاں اور	ہاشم عظیم آبادی	بہار اردو اکیڈمی، پٹنہ	۱۹۸۲ء

"ہیں اور بھی دنیا میں سخن ور بہت اچھے
کہتے ہیں کہ، غالبؔ کا ہے اندازِ بیاں اور"(104)

اگر نامہ بر ملے	ڈاکٹر قنبر علی (مرتّب)	افسر پبلی کیشنز، کراچی	۱۹۹۴ء

"تجھ سے تو کچھ کلام نہیں، لیکن اے ندیم
میرا سلام کہیو اگر نامہ بر ملے"(105)

اندازِ گفتگو کیا ہے	شمس الرّحمٰن فاروقی	مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، نئی دہلی	۱۹۹۳ء

"ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ "تو کیا ہے"؟
تمھیں کہو کہ یہ اندازِ گفتگو کیا ہے؟"(106)

اندھیری رات کا تنہا مسافر	شہزاد منظر	منظر پبلی کیشنز، کراچی	۱۹۸۴ء

اندھیری رات کا تنہا مسافر
مری پلکوں پہ اب سہما ہوا ہے(107)

انگلیاں فگار اپنی	اختر جمال	ادارۂ فروغِ اردو، لاہور	بارِ اوّل: اکتوبر ۱۹۷۱ء
انگلیاں فگار اپنی	دلاور فگار	حلقۂ ادب و آداب، کراچی	بارِ اوّل: اکتوبر ۱۹۷۱ء
انگلیاں فگار اپنی	زبیر رضوی	ذہنِ جدید، دہلی	بارِ اوّل: ۱۹۹۹ء

انگلیاں فگار اپنی	ضمیر نیازی، مرتب: راحت سعید	آج، کراچی	بارِ اوّل: نومبر ۲۰۰۰ء

دردِ دل لکھوں کب تک؟ جاؤں اُن کو دکھلا دوں

انگلیاں فگار اپنی، خامہ خوں چکاں اپنا(۱۰۸)

اور پھر بیاں اپنا	اخلاق احمد دہلوی	اردو مرکز، لاہور	۱۹۵۷ء
اور پھر بیاں اپنا	منظر شہاب	نرالی دنیا پبلی کیشنز، نئی دہلی	۲۰۰۲ء

"ذکر اُس پری وش کا، اور پھر بیاں اپنا

بن گیا رقیب آخر، تھا جو رازداں اپنا"(۱۰۹)

اے دلِ آوارہ	شموئیل احمد	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۱۵ء

"اور ملے گا بھی تو اس طور کہ پچھتاؤ گے

اس گھڑی اے دلِ آوارہ کہاں جاؤ گے"(110)

اے ماؤ، بہنو، بیٹیو	کشمیری لال ذاکر	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۱۰ء

"اے ماؤ، بہنو، بیٹیو، دنیا کی زینت تم سے ہے

ملکوں کی بستی ہو تمھی، قوموں کی عزّت تم سے ہے"(111)

بادِ نو بہار	ادارت و ترجمہ: ظہور صدّیقی	نیشنل بُک ٹرسٹ، نئی دہلی	پہلا ایڈیشن: ۲۰۱۱ء

"گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے

چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے"(112)

بدلتا ہے رنگ آسماں	آغا سہیل	اقبال بُک کارنر، لاہور	بارِ اوّل: ۱۹۷۵ء
بدلتا ہے رنگ آسماں	ایم سلطانہ فخر	ادبی دنیا اردو بازار، دہلی	۱۹۸۳ء

"زمینِ چمن گل کھلاتی ہے کیا کیا

بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے"(113)

بڑا بے ادب ہوں	منظور عثمانی	مکتبۂ آتش، دہلی	۲۰۰۴ء

"بھری بزم میں راز کی بات کہہ دی

بڑا بے ادب ہوں، سزا چاہتا ہوں"(114)

بوئے گل نالۂ دل	حسرت سہروردی	شالیمار پبلی کیشنز، حیدر آباد	۱۹۷۳ء
بوئے گل، نالۂ دل، دودِ چراغِ محفل	شورش کاشمیری	مطبوعات چٹان لمیٹڈ، لاہور	جولائی ۱۹۷۲ء

بوے گل، نالہ ٔدل، دودِ چراغ محفل

جو تری بزم سے نکلا، سو پریشاں نکلا(115)

بھاگے ہے بیاباں مجھ سے	رشید امجد	مقبول اکیڈمی، لاہور	بارِ اوّل:۱۹۸۸ء

"ہر قدم دوریٔ منزل ہے نمایاں مجھ سے

میری رفتار سے، بھاگے ہے بیاباں مجھ سے"(116)

بے ننگ ونام	عادل رشید	بمبئی بک ہاؤس، بمبئی	۱۹۵۳ء

لو وہ بھی کہتے ہیں کہ "یہ بے ننگ ونام ہے"

یہ جانتا اگر تو لُٹاتا نہ گھر کو میں(117)

پتّا پتّا، بوٹا بوٹا	رفعت سروش	نور کتاب گھر، نوائیڈا	۱۹۹۶ء

"پتّا پتّا، بوٹا بوٹا، حال ہمارا جانے ہے

جانے نہ جانے گُل ہی نہ جانے، باغ تو سارا جانے ہے"(118)

پراگندہ طبع لوگ	داؤد رہبر	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۰۷ء

"پیدا کہاں ہیں ایسے پراگندہ طبع لوگ

افسوس تم کو میرؔ سے صحبت نہیں رہی"(119)

پہلا وہ گھر خدا کا	غلام رسول مہر	سنگم پبلی کیشنز، پٹنہ	س ن

"دنیا کے بُت کدوں میں پہلا وہ گھر خدا کا

ہم اُس کے پاسباں ہیں، وہ پاسباں ہمارا"(120)

پیوستہ رہ شجر سے	غلام کبریا خاکی	القادر پبلی کیشنز، کراچی	طبع اوّل: اپریل2002ء

"ملت کے ساتھ رابطۂ اُستوار رکھ

پیوستہ رہ شجر سے، امیدِ بہار رکھ!"(121)

تجھے اے زندگی لاؤں کہاں سے	اقبال مہدی	موڈرن پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی	بارِ اوّل: ۲۰۰۲ء

"وہ آئے ہیں پشیماں لاش پر اب

تجھے اے زندگی لاؤں کہاں سے"(۱۲2)

تجھے ہم ولی سمجھتے	کشمیری لال ذاکر	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۰۷ء

یہ مسائلِ تصوّف، یہ ترا بیان غالبؔ!

تجھے ہم ولی سمجھتے، جو نہ بادہ خوار ہوتا(۱۲3)

تعریف اس خدا کی	شفیع جاوید	لیتھو پریس، پٹنہ	بارِ اوّل: دسمبر ۱۹۸۴ء

تعریف اُس خدا کی جس نے جہاں بنایا

کیسی زمیں بنائی! کیا آسماں بنایا! (۱۲4)

تقریب کچھ تو۔۔۔	شبنم شکیل	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۰۳ء

"سیکھے ہیں، مہ رُخوں کے لیے ہم مصوّری

تقریب کچھ تو بہرِ ملاقات چاہیے" (۱۲5)

تماشائے اہلِ کرم	مرتّب: فاروق ارگلی	سائبان پبلی کیشنز، دہلی	۲۰۱۲ء
تماشائے اہلِ کرم	محمّد لطف اللہ خان	مکتبۂ دانیال، کراچی	بارِ اوّل: ۱۹۹۶ء
تماشائے اہلِ کرم	لئیق اختر	ریر پبلی کیشنز، حیدر آباد	۱۹۸۸ء
تماشائے اہلِ کرم	مرزا ظفر الحسن	ادارۂ یادگارِ غالب، کراچی	دسمبر ۱۹۶۸ء
تماشائے اہلِ کرم	کرنل مسعود اختر شیخ (مترجم)	نیشنل بک فاؤنڈیشن، اسلام آباد	اشاعتِ اوّل: جولائی ۲۰۱۴ء

بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالبؔ

تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں (۱۲6)

تماشا کرے کوئی	بلقیس ظفر الحسن	معیار پبلی کیشنز، دہلی	۲۰۱۲ء

ظاہر کی آنکھ سے نہ تماشا کرے کوئی

ہو دیکھنا تو دیدۂ دل وا کرے کوئی (۱۲7)

تمام شہر نے پہنے ہوئے ہیں دستانے	امراؤ طارق	حلقۂ نیاز و نگار، کراچی	۱۹۹۸ء

میں کس کے ہاتھ پر اپنا لہو تلاش کروں

تمام شہر نے پہنے ہوئے ہیں دستانے (۱۲8)

تمنّا بے تاب	رشید امجد	حرف اکادمی، راول پنڈی	دوم: ستمبر ۲۰۰۳ء
تمنّا بے تاب	محمّد سعید شیخ	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۰۴ء

"عاشقی صبر طلب، اور تمنّا بے تاب

دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہوتے تک" (۱۲۹)

تمنّا کا دوسرا قدم	پروین فاسیّد	پروین فاسیّد، راول پنڈی	بارِ اوّل: ۱۹۸۵ء
تمنّا کا دوسرا قدم	صبا وحید	نیو لٹریچر نظام الدّین، نئی دہلی	بارِ اوّل: ۱۹۷۰ء
تمنّا کا دوسرا قدم	قاصر مکرّم پوری	قاصر مکرّم پوری، کولکتّا	۲۰۰۲ء

تمنّا کا دوسرا قدم اور غالب	ڈاکٹر فرمان فتح پوری	حلقۂ نیاز و نگار، کراچی	اوّل:۱۹۹۵ء

"ہے کہاں تمنّا کا دوسرا قدم یارب؟

ہم نے دشتِ امکاں کو ایک نقشِ پا پایا"(130)

تمنّا کہیں جسے	صدّیق الرّحمٰن قدوائی	غالب انسٹی ٹیوٹ، دہلی	۲۰۰۸ء

"پھونکا ہے کس نے گوشِ محبّت میں اے خدا؟

افسونِ انتظار تمنّا کہیں جسے"(131)

تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو (حصّۂ اوّل)	مرتّبہ: ڈاکٹر شیریں زباں خانم	ایم آر پبلی کیشنز، نئی دہلی	بارِ اوّل:۲۰۰۸ء
تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو (حصّۂ دوم)	مرتّبہ: ڈاکٹر شیریں زباں خانم	ایم آر پبلی کیشنز، نئی دہلی	۲۰۱۰ء

"وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا، تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

وہی، یعنی وعدہ نباہ کا، تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو"(۱۳2)

تھوڑی سی فضا اور سہی	اشفاق حسین	پاکستان اسٹڈی سینٹر، جامعہ کراچی	۲۰۱۳ء

"کیوں نہ فردوس میں دوزخ کو ملالیں یارب؟

سیر کے واسطے تھوڑی سی فضا اور سہی"(۱۳3)

تیر نیم کش	بزمی	کمال پرنٹنگ ورکس، دہلی	۱۹۴۸ء
تیر نیم کش	بھارت چند کھنّا	زندہ دلانِ حیدر آباد	فروری ۱۹۷۲
تیر نیم کش	سیّد محمّد جعفری	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۰۷ء
تیر نیم کش	شاعر فتح پوری	اسلامیہ بک ڈپو، کان پور	بارِ اوّل:۱۹۷۱ء
تیر نیم کش	عارف حسن خان	بھارت آفسیٹ پریس، دہلی	مارچ اپریل ۱۹۹۸ء
تیر نیم کش	فکر تونسوی	نیازمانہ پبلشرز، جالندھر	س ن

"کوئی میرے دل سے پوچھے، ترے تیر نیم کش کو

یہ خلش کہاں سے ہوتی، جو جگر کے پار ہوتا"(۱۳4)

تیرے آنے کا انتظار رہا	رسا چغتائی	آرٹ کونسل آف پاکستان، کراچی	۲۰۰۷ء

تیرے آنے کا انتظار رہا

عمر بھر موسم بہار رہا(۱۳5)

جاگے ہیں خواب میں	اختر رضا سلیمی	دستاویز، لاہور	بارِ اوّل: مارچ ۲۰۱۵ء

ہے غیب غیب، جس کو سمجھتے ہیں ہم شہود

ہیں خواب میں ہنوز، جو جاگے ہیں خواب میں (۱۳6)

جان ہے تو جہاں ہے	ڈاکٹر محمّد رکن الدّین ناصب قریشی	کرناٹک اردو اکادمی، بنگلور	۲۰۰۹ء
جان ہے تو جہاں ہے	عبداللہ خالد	رحمانی پبلی کیشنز، مہاراشٹر	۲۰۱۳ء

"میرؔ! عمداً بھی کوئی مرتا ہے

جان ہے تو جہان ہے پیارے!"(۱۳7)

جب لاد چلے گا بنجارہ	ریاض صدّیقی	نفیس اکیڈمی، کراچی	طبع اوّل: اگست ۱۹۸۷ء

ٹیپ کا مصرعِ مخمّس: سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلے گا بنجارا (۱۳8)

جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی	محمّد ایّوب خاں، مترجم: غلام عبّاس	آکسفرڈ یونی ورسٹی پریس، کراچی	۱۹۶۷ء

"اے طائرِ لاہوتی! اُس رزق سے موت اچھی

جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی"(۱۳9)

جس کو دل کہتے تھے	شیر شاہ سیّد	شہرزاد، کراچی	سوم: ۲۰۱۰ء

"کچھ کھٹکتا تھا مرے سینے میں، لیکن آخر

جس کو دل کہتے تھے سو تیر کا پیکاں نکلا"(140)

جستجو کیا ہے؟	انتظار حسین	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۱ء
جستجو کیا ہے؟	صادقہ ذکی	لبرٹی آرٹ پریس، نئی دہلی	۲۰۰۰ء

"جلا ہے جسم جہاں، دل بھی جل گیا ہو گا

کریدتے ہو جو اَب راکھ، جستجو کیا ہے؟"(141)

جنگل اُداس ہے	اے حمید	سارنگ پبلی کیشنز، لاہور	۱۹۹۷ء
جنگل اُداس ہے	اختر حسین جعفری	ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ، لاہور	۲۰۱۷ء

"ہر یک مکان کو ہے مکیں سے شرف، اسدؔ

مجنوں جو مر گیا ہے، تو جنگل اُداس ہے"(۱۴2)

جو اماں ملی تو کہاں ملی	محمّد علیم	علم و ادب پبلشرز، دہلی	طبع اوّل: ۱۹۹۸ء

"نہ کہیں جہاں میں اماں ملی، جو اماں ملی تو کہاں ملی

مرے جرم خانہ خراب کو ترے عفوِ بندہ نواز میں "(۱۴3)

جو جگر کے پار ہوتا	عظمت رضا	مکتبۂ علم و فن، ٹیا محل دہلی	بارِ اوّل: جون ۱۹۶۵ء

"کوئی میرے دل سے پوچھے، ترے تیرِ نیم کش کو

یہ خلش کہاں سے ہوتی، جو جگر کے پار ہوتا؟"(۱۴4)

جو رہی سو بے خبری رہی	ادا جعفری	مکتبۂ دانیال، وکٹوریہ چیمبرز، کراچی	اشاعتِ دوم: مارچ ۱۹۹۶ء

"خبر تحیرِ عشق سن نہ جنوں رہا نہ پری رہی

نہ تو تو رہا نہ تو میں رہا جو رہی سو بے خبری رہی"(۱۴5)

جوانی کی راتیں	مؤلف: خوشتر گرامی	پریم شاستر بُک ڈپو، لاہور	مارچ ۱۹۴۱ء

"برس پندرہ یا کہ سولہ کا سن

مرادوں کی راتیں، جوانی کے دن"(۱۴6)

جہاں اور بھی ہیں	نازش پرتاب گڑھی	اردو اکادمی، اتر پردیش	۱۹۷۸ء

"ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں

ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں"(۱۴7)

جہاں کوئی نہ ہو	تبسّم اعظمی	سینڈ پائپر پبلشر، لکھنؤ	مارچ ۲۰۱۹ء

"رہیے اب ایسی جگہ چل کر، جہاں کوئی نہ ہو

ہم سخن کوئی نہ ہو، اور ہم زباں کوئی نہ ہو"(۱۴8)

جینے کی پابندی	خالدہ حسین	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۷ء

"ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا، نہ وہ دنیا

یہاں مرنے کی پابندی، وہاں جینے کی پابندی"(۱۴9)

چاندنی انتظار کرتی ہے	عاصمہ صدّیقی	نسیم بُک ڈپو، لکھنؤ	۱۹۹۱ء

"آسماں پر اُداس ہیں تارے

چاندنی انتظار کرتی ہے"(150)

چاند کے پار چلو	راحت آرا حیدری	اردو پبلشرز، لکھنؤ	دوسرا ایڈیشن: مارچ ۱۹۷۴ء

ایسے عالم میں مناسب نہیں انکار چلو

چلو دلدار چلو، چاند کے پار چلو(151)

چپکے سے بہار آجائے	سلمٰی کنول	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۰۸ء

"راتیوں دل میں تری کھوئی ہوئیمیاد آئی

جیسے ویرانے میں چپکے سے بہار آجائے"(۱۵2)

چراغوں میں روشنی نہ رہی	حبیبہ بانو	اردو پبلشرز، لکھنؤ	۱۹۷۲ء

"وہ آئے بزم میں، اتنا تو برقؔ نے دیکھا

پھر اُس کے بعد چراغوں میں روشنی نہ رہی"(۱5۳)

چند تصویرِ بُتاں	مترجم: جعفر منصور	مکتبۂ افکار، کراچی	ستمبر ۱۹۵۳ء
چند تصویرِ بُتاں	مرتبہ: سیّد مبارز الدّین رفعت / محمّد عبد القادر	اردو لائبریری سینٹر، بنگلور	س ن
چند تصویرِ بُتاں	شمیم احمد	مکتبۂ شاہ راہ، دہلی	۱۹۹۶ء
چند تصویرِ بُتاں	صابر دت	ساحر پبلشنگ ہاؤس، بمبئی	۱۹۹۱ء
چند تصویرِ بُتاں	عادل رشید	اسٹار پبلشرز، دہلی	س ن

چند تصویرِ بُتاں چند حسینوں کے خطوط

بعد مرنے کے مرے گھر سے یہ ساماں نکلا(۱5۴)

چُھپائے نہ بنے	منظر علی خان	افسر پبلی کیشنز، کراچی	1987ء

"عشق پر زور نہیں، ہے یہ وہ آتش غالبؔ

کہ لگائے نہ لگے، اور بجھائے نہ بنے"(155)

حرفِ مکرّر نہیں ہوں میں	مرتّبہ: فرزانہ اعجاز	نعمان پرنٹنگ پریس، لکھنؤ	۲۰۱۲ء

"یارب زمانہ مجھ کو مٹاتا ہے کس لیے؟

لوحِ جہاں پہ حرفِ مکرّر نہیں ہوں میں"(۱56)

حسرت ان غنچوں پہ ہے	سیّدہ جمیل	نسیم بُک ڈپو، لکھنؤ	بارِ اوّل: ۱۹۸۰ء

"کھل کے گل کچھ تو بہار اپنی صبا دکھلا گئے

حسرت اُن غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے"(۱5۷)

خاک ہو جائیں گے ہم۔۔۔	ابراہیم اختر	تزئین پبلی کیشن، پربھنی	۲۰۱۱ء
خاک ہو جائیں گے ہم	عطیہ پروین	نسیم بُک ڈپو، لکھنؤ	۱۹۷۴ء

"ہم نے مانا کہ تغافل نہ کروگے لیکن

خاک ہو جائیں گے ہم، تم کو خبر ہوتے تک"(۱5۸)

خدا کی بستی	شوکت صدّیقی	مکتبہ نیا راہی، کراچی	بارِ اوّل: فروری ۱۹۵۹ء

"دیارِ مغرب کے رہنے والو! خدا کی بستی دُکاں نہیں ہے

کھرا جسے تم سمجھ رہے ہو، وہ اب زرِ کم عیار ہو گا"(۱۵۹)

خندہ ہائے بے جا	وارث علوی	لبرٹی آرٹ پریس، نئی دہلی	بارِ اوّل: نومبر ۱۹۸۷ء

غمِ فراق میں تکلیفِ سیر باغنہ دو

مجھے دماغ نہیں خندہ ہائے بے جا کا(160)

خونِ دل کی کشید	مرتبہ: مرزا ظفر الحسن	مکتبۂ اسلوب، کراچی	۱۹۸۳ء

"پیو کہ مفت لگا دی ہے خونِ دل کی کشید

گراں ہے اب کے مئے لالہ فام کہتے ہیں"(161)

داغ داغ اجالا	ساحل قزلباش	کے ایس کے ایڈورٹائزنگ لمیٹڈ، کراچی	س ن

"یہ داغ داغ اُجالا، یہ شب گزیدہ سحر

وہ انتظار تھا جس کا، یہ وہ سحر تو نہیں"(162)

دبستان کُھل گیا	اصغر ندیم سیّد	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۹ء

"میں چمن میں کیا، گویا دبستان کُھل گیا

بُلبُلیں سن کر مرے نالے، غزل خواں ہو گئیں"(۱۶۳)

درد آئے گا دبے پاؤں	ذکاء الرحمٰن	مکتبہ میری لائبریری، لاہور	۱۹۶۷ء
درد آئے گا دبے پاؤں	مینا ناز	ناز کتاب گھر، دہلی	۱۹۸۳ء

"درد آئے گا دبے پاؤں، لیے سرخ چراغ

وہ جو اک درد دھڑکتا ہے کہیں دل سے پرے"(۱۶4)

درد کے پیوند	عابدہ محبوب	ایاز پبلشر، مصری گنج، حیدر آباد	فروری ۱۹۸۵ء

"زندگی کیا کسی مفلس کی قبا ہے جس میں

ہر گھڑی درد کے پیوند لگے جاتے ہیں"(۱۶5)

دعا کر چلے	جمیل الدّین عالی	مکتبۂ اسلوب، کراچی	اشاعتِ اوّل: 1987ء

فقیرانہ آئے صدا کر چلے

میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے(۱۶6)

دل تو میرا اُداس ہے ناصر	ڈاکٹر توصیف تبسّم (مرتّب)	نیشنل بُک فاؤنڈیشن، اسلام آباد	اشاعتِ سوم: اکتوبر ۲۰۱۷ء

دل تو میرا اُداس ہے ناصرؔ

شہر کیوں سائیں سائیں کرتا ہے(۱۶۷)

دل کا کیا رنگ کروں	خالدہ محمود	دیپک پبلشرز، جالندھر	بارِ اوّل: مئی ۱۹۷۱ء

عاشقی صبر طلب، اور تمنّا بے تاب

دل کا کیا رنگ کروں، خونِ جگر ہوتے تک(۱۶۸)

دل کی بساط	شیر شاہ سیّد	شہر زاد، کراچی	طبعِ سوم: ستمبر ۲۰۰۹ء

"دل کی بساط کیا تھی نگاہِ جمال میں

اک آئینہ تھا ٹوٹ گیا دیکھ بھال میں"(۱۶۹)

دل کی وہی تنہائی	شیر شاہ سیّد	شہر زاد، کراچی	اشاعتِ چہارم:۲۰۰۹ء

"سو بار چمن مہکا سو بار بہار آئی

دنیا کی وہی رونق دل کی وہی تنہائی"(170)

دل ہی تو ہے	ایملی زولا، مترجمہ: مخمور جالندھری	مکتبۂ شاہ راہ، دہلی	س ن
دل ہی تو ہے	حسینہ کان پوری	دنیا پبلی کیشنز، دہلی	س ن
دل ہی تو ہے	ڈاکٹر شیر شاہ سیّد	شہر زاد، کراچی	اشاعتِ دوم: مارچ ۲۰۱۱ء

دل ہی تو ہے، نہ سنگ وخشت، درد سے بھر نہ آئے کیوں؟

روئیں گے ہم ہزار بار، کوئی ہمیں ستائے کیوں؟(171)

دل ہے داغ داغ	ڈاکٹر شیر شاہ سیّد	شہر زاد، کراچی	اشاعتِ دوم:۲۰۱۰ء

"آنکھوں سے جوئے خوں ہے رواں دل ہے داغ داغ

دیکھے کوئی بہارِ گلستانِ آرزو"(172)

دمادم رواں ہے یمِ زندگی	خرم علی شفیق	الحمرا پبلشنگ، اسلام آباد	۲۰۰۳ء

دمادم رواں ہے یمِ زندگی

ہر اک شے سے پیدا رمِ زندگی(173)

دنیا مرے آگے	کرشن موہن	اردو اکادمی، دہلی	۱۹۸۹ء
دنیا مرے آگے	مفتی تقی عثمانی	مکتبۂ معارف القرآن، کراچی	۲۰۰۲ء

بازیچۂ اطفال ہے، دنیا مرے آگے

ہوتا ہے شب وروز تماشا مرے آگے(۱۷4)

دو گز زمین	ڈاکٹر محمّد اطہر مسعود خاں	بزمِ ہم مشرب، رام پور	۲۰۱۳ء

دو گز زمین	عبد الصّمد	نصرت پبلشرز، لکھنؤ	دوم: ۱۹۹۳ء

کتنا ہے بد نصیب ظفرؔ دفن کے لیے

دو گز زمین بھی نہ ملی کوئے یار میں (175)

دیکھنا تقریر کی لذّت	رسول حمزا تف، ترجمہ: صابر صدّیقی	اردو محل پبلی کیشن، یوپی	بارِ اوّل: ۱۹۸۳ء
دیکھنا تقریر کی لذّت	مشتاق صدف	کرناٹکا اردو اکادمی، بنگلور	۲۰۱۰ء

"دیکھنا تقریر کی لذّت کہ جو اُس نے کہا

میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے" (176)

دیوانہ بنا رکھا ہے	حکیم ناصر	ادارہ ندارد	طبعِ دوم: جنوری ۱۹۹۷ء

جب سے تو نے مجھے دیوانہ بنا رکھا ہے

سنگ ہر شخص نے ہاتھوں میں اُٹھا رکھا ہے (177)

ڈھونڈو گے اگر ملکوں ملکوں	زہرا منظور الٰہی	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	بارِ اوّل: جنوری ۲۰۱۰ء
ڈھونڈو گے اگر ملکوں ملکوں	مصنّف: محمّد فہد حارث مرتّب: شہباز عالم انصاری	حارث پبلی کیشنز، کراچی (☆ آن لائن پبلش ہے)	بارِ اوّل: ستمبر ۲۰۲۰ء

"ڈھونڈھو گے اگر ملکوں ملکوں ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم

تعبیر ہے جس کی حسرت و غم اے ہم نفسو وہ خواب ہیں ہم" (178)

ذرا سی بات	ابو الکلام عزیزی	فرہاد انور، بہار شریف	بارِ اوّل: ۱۹۸۸ء

"گو ذرا سی بات پر برسوں کے یارانے گئے

لیکن اتنا تو ہوا، کچھ لوگ پہچانے گئے" (179)

ذکر اُس پری وش کا	رفعت سروش	اسٹار پبلی کیشنز، دہلی	۱۹۶۸ء

"ذکر اُس پری وش کا، اور پھر بیاں اپنا

بن گیا رقیب آخر، تھا جو راز داں اپنا" (180)

ذکرِ یار چلے	مرزا ظفر الحسن	حسامی بک ڈپو، حیدر آباد	بارِ اوّل: مارچ ۱۹۷۹ء

"قفس اُداس ہے یار و صبا سے کچھ تو کہو

کہیں تو بہرِ خدا آج ذکرِ یار چلے" (181)

راہ گزر یاد آیا	دت بھارتی	اسٹار پبلی کیشنز، دہلی	اپریل ۱۹۶۰ء

"زندگی یوں بھی گزر ہی جاتی

کیوں ترا راہ گزر یاد آیا!"(182)

رزم ہو یا بزم ہو	احمد یوسف	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۰۴ء

"نرم دمِ گفتگو، گرم دمِ جستجو

رزم ہو یا بزم ہو، پاک دل و پاک باز"(183)

رو میں ہے رخشِ عمر	مرتّب: غلام حیدر	مولانا محمّد عبادت ایجوکیشنل سوسائٹی رجسٹرڈ، امروہہ	س ن

"رو میں ہے رخشِ عمر، کہاں دیکھیے تھمے

نے ہاتھ برگ پر ہے، نہ پا ہے رکاب میں"(۱۸4)

رہ گئی رسمِ اذاں روحِ بلالی نہ رہی	محمّد بدیع الزّماں	دانش بک ڈپوٹانڈا فیض آباد، یوپی	۱۹۹۲ء

"رہ گئی رسمِ اذاں، روحِ بلالی نہ رہی

فلسفہ رہ گیا، تلقینِ غزالی نہ رہی"(۱۸5)

رہ نوردِ شوق	ڈاکٹر سیّد عابد حسین، مرتّبہ: صالحہ عابد حسین	مکتبۂ جامعہ لمیٹڈ، نئی دہلی	۱۹۷۹ء

تُو رہ نوردِ شوق ہے، منزل نہ کر قبول

لیلٰی بھی ہم نشیں ہو تو محمل نہ کر قبول(۱۸6)

ریل کی سیٹی	محمّد حسن معراج	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	۲۰۱۶ء

"صبح کاذب کی ہوا میں درد تھا کتنا منیرؔ

ریل کی سیٹی بجی تو دل لہو سے بھر گیا"(۱۸7)

زمان و مکاں اور بھی ہیں	محمّد حمزہ فاروقی	عصری مطبوعات، کراچی	اوّل:۱۹۷۸ء

"اسی روز و شب میں اُلجھ کر نہ رہ جا

کہ تیرے زمان و مکاں اور بھی ہیں"(۱۸8)

سارا جہاں ہمارا	ابصار عبد العلی	سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور	پہلی بار:۱۹۸۰ء

"چین و عرب ہمارا، ہندوستاں ہمارا

مسلم ہیں ہم، وطن ہے سارا جہاں ہمارا"(۱۸9)

سارے جہاں سے اچھا	وفا صدّیقی	گل دستہ، بھوپال	۱۹۹۹ء

"سارے جہاں سے اچھا، ہندوستاں ہمارا

ہم بلبلیں ہیں اس کی، یہ گلستاں ہمارا"(190)

سب اچھا کہیں جسے	مصنّف: انعام گوالیاری، مرتّب: ظہور الاسلام جاوید	بساطِ ادب، پاکستان	بارِ اوّل:۱۹۹۵ء

"غالبؔ بُرا نہ مان، جو واعظ بُرا کہے

ایسا بھی کوئی ہے کہ سب اچھا کہیں جسے"(۱۹۱)

سارے جہاں کا درد	دلیپ سنگھ	حسامی بک ڈپو، حیدر آباد	مئی ۱۹۹۰ء

"خنجر چلے کسی پہ، تڑپتے ہیں ہم امیرؔ

سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے"(192)

ستاروں سے آگے	سیّد اظہار عالم	سیّد اظہار عالم جامعہ نگر، نئی دہلی	س ن
ستاروں سے آگے	شمیم علیم	موڈرن پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی	۲۰۰۷ء
ستاروں سے آگے	قرۃ العین حیدر	الادب، لاہور	پہلی بار:۱۹۷۹ء
ستاروں سے آگے	مرزا عصمت اللہ بیگ	نیشنل فائن پرنٹنگ پریس، حیدر آباد	بارِ اوّل: اپریل ۱۹۹۰ء
ستاروں سے آگے	ناظر کاکوروی	ادارۂ فروغِ اردو، لکھنؤ	یکم جنوری ۱۹۵۶ء
ستاروں سے آگے	محمّد سمیع اللہ بختیاری	محمّد سمیع اللہ بختیاری، حیدر آباد	دسمبر ۲۰۰۰ء

"ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں

ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں"(193)

سخن دل نوا	خواجہ غلام السّیدین، مرتّبہ: ڈاکٹر صغرا مہدی	لبرٹی آرٹ پریس، نئی دہلی	بارِ اوّل: مارچ ۱۹۸۲ء

"نگہ بلند، سخن دل نواز، جاں پُر سوز

یہی ہے رختِ سفر میر کارواں کے لیے"(۱۹۴)

سخن ہائے گفتنی	الطاف احمد اعظمی	اردو اکادمی، دہلی	۲۰۰۴ء
سخن ہائے گفتنی	کلیم الدّین احمد	کتاب منزل سبزی باغ، پٹنہ	جولائی ۱۹۶۷ء

افسوس بے شمار سخن ہائے گفتنی

خوفِ فسادِ خلق سے ناگفتہ رہ گئے(۱۹۵)

سفر ہے شرط	اطہر عبّاس ہاشمی	پلمی پرنٹرز، کراچی	۱۹۹۹ء
سفر ہے شرط	ڈاکٹر محبوب راہی	اسباق پبلی کیشنز، پونا	۲۰۱۱ء
سفر ہے شرط	علی احمد فاطمی	فائن آفسٹ ورکس، الہ آباد	بارِاوّل:۱۹۸۶ء

"سفر ہے شرط، مسافر نواز بہتیرے

ہزار ہا شجرِ سایہ دار راہ میں ہے"(۱۹۶)

سلسلۂ روز و شب	ڈاکٹر سلیم خان	بلیک ورڈس پبلی کیشنز، تھانے	۲۰۱۲ء
سلسلۂ روز و شب	شفیع مشہدی	خدابخش لائبریری، پٹنہ	دوم:۲۰۱۳ء
سلسلۂ روز و شب	صالحہ عابدہ حسین	ڈاکٹر صغرا مہدی جامعہ نگر، نئی دہلی	۱۹۸۴ء
سلسلۂ روز و شب	مشرّف عالم ذوقی	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی	۲۰۱۴ء

سلسلۂ روز و شب، نقش گرِ حادثات

سلسلۂ روز و شب، اصلِ حیات و ممات(۱۹۷)

سو تکلّف اور اس کی سیدھی بات	ترتیب: انیس صدّیقی / رحیل صدّیقی	اردو اکادمی، بنگلور	۲۰۱۵ء

لاکھ مضموں اور اس کا ایک ٹھٹھول

سو تکلّف اور اس کی سیدھی بات(۱۹۸)

سیر کر دنیا کی غافل	صغرا مہدی	نئی آواز جامعہ نگر، نئی دہلی	پہلی بار: دسمبر ۱۹۹۴ء

"سیر کر دنیا کی غافل، زندگانی پھر کہاں

زندگی گر کچھ رہی، تو نوجوانی پھر کہاں"(۱۹۹)

شاخِ نہالِ غم	اختر لکھنوی	دبستانِ وارثیہ، کراچی	ستمبر ۱۹۹۶ء
شاخِ نہالِ غم	انوار انجم	الحمد پبلی کیشنز، لاہور	بارِدوم:۲۰۰۱ء
شاخِ نہالِ غم	خورشید الاسلام	اردو گھر، علی گڑھ	بارِاوّل:۱۹۷۵ء
شاخِ نہالِ غم	رئیس فاطمہ	نو بہار پبلی کیشنز، کراچی	۲۰۰۳ء
شاخِ نہالِ غم	مرتّب: عشرت ظفر	جگر اکیڈمی، کان پور	۲۰۰۹ء
شاخِ نہالِ غم	علی امجد	مکتبۂ جامعہ، جامعہ نگر، نئی دہلی	جنوری ۲۰۰۶ء

کبھی سمتِ غیب سیں کیا ہوا کہ چمن ظہور کا جل گیا

مگر ایک شاخِ نہالِ غم، جسے دل کہو سو ہری رہی(200)

شاد باد منزلِ مراد	سعید راشد	المرکز، جہلم	س ن

پائندہ تابندہ باد

شاد باد منزلِ مراد(201)

شام بھی تھی دھواں دھواں	کشمیری لال ذاکر	موڈرن پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی	۱۹۹۷ء

"شام بھی تھی دھواں دھواں حسن بھی تھا اداس اداس

دل کو کئی کہانیاں یاد سی آ کے رہ گئیں"(202)

شجرِ سایہ دار	مرغوب اثر فاطمی گیاوی	کلاسک آرٹ پریس، دہلی	اوّل:۲۰۱۴ء

"سفر ہے شرط، مسافر نواز بہتیرے

ہزار ہا شجرِ سایہ دار راہ میں ہے"(203)

شعر شور انگیز (جلدِ اوّل)	شمس الرّحمٰن فاروقی	قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، نئی دہلی	تیسرا ایڈیشن: ۲۰۰۶ء
شعر شور انگیز (جلدِ دوم)	شمس الرّحمٰن فاروقی	قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، نئی دہلی	تیسرا ایڈیشن: ۲۰۰۷ء
شعر شور انگیز (جلدِ سوم وچہارم)	شمس الرّحمٰن فاروقی	قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، نئی دہلی	تیسرا ایڈیشن: ۲۰۰۸ء

ہر ورق ہر صفحے میں اک شعر شور انگیز ہے

عرصۂ محشر ہے عرصہ میرے بھی دیوان کا(۲۰4)

